## فرقہ وارانہ فسادات کے بعد دہشت گردی کے ذریعہ کراچی کا امن غارت کیا جارہا ہے، رابطہ کمیٹی
## کورنگی اور سرجانی ٹاؤن میں متعدد افراد کی ہلاکتوں پر اظہار مذمت

کراچی۔۔22/جون2010ء

متحدہ قومی موومٹ کی رابطہ کمیٹی نے کورنگی اور سرجانی ٹاؤن میں دہشتگردی کے واقعات کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اوران واقعات میں متعدد افراد کے ہلاک وزخمی ہونے پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ ایک گھناؤنے منصوبے کے تحت کراچی کا امن وسکون غارت کرنے اور کراچی کی معاشی ترقی کا پہیہ جام کرنے کی سازش کی جارہی ہے، گذشتہ دنوں مختلف مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے افراد کو دہشتگردی کا نشانہ بنا کر کراچی میں فرقہ وارانہ فسادات کی سازش کی گئی ہے جسے قائد تحریک جناب الطاف حسین اورایم کیوایم نے تمام مکاتب فکر کے علماء کرام اورعوام کے تعاون سے ناکام بنایا اوراس سازش کی ناکامی کے بعد شہر کے مختلف علاقوں میں دہشتگردی کا بازارگرم کر کے کراچی کا امن وسکون وغارت کرنے کا منصوبہ بنایا جارہا ہے جسکی جتنی مذمت کی جائے کم ہے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ پاکستان کی معاشی ترقی میں کراچی ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے اور جوعناصر دہشتگردی کے ذریعہ کراچی کا امن غارت کرنے کی سازش کررہے ہیں وہ پاکستان اوراس کے عوام کے کھلے دشمن ہیں۔رابطہ کمیٹی نے گورنرسندھ ڈاکٹرعشرت العباد اور وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ کراچی میں دہشتگردی کے واقعات کا سنجیدگی سے نوٹس لیا جائے ، بے گناہ شہریوں کے قتل میں ملوث عناصر کیخلاف سخت ترین کاروائی کی جائے اورشہریوں کی جان ومال کے تحفظ کیلئے ٹھوس اور عملی اقدامات کیے جائیں۔رابطہ کمیٹی نے کورنگی میں جسقم اور سرجانی ٹاؤن میں 2افراد کے جاں بحق ہونے پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔رابطہ کمیٹی نے جاں بحق ہونے والے افراد کے سوگوارلواحقین سے دلی ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور فائرنگ سے زخمی ہونے والے افراد کی جلد ومکمل صحتیابی کیلئے دعا بھی کی۔

## سنی تحریک کے نمائندہ وفد کی عزیز آباد میں رابطہ کمیٹی کے ارکان سے ملاقات

کراچی۔۔۔22/جون2010ء

سنی تحریک کے مرکزی رہنماء محمد شکیل قادری کی سربراہی میں چار رکنی نمائندہ وفد نے گزشتہ روز خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان سید شعیب احمد بخاری اوروسیم آفتاب سے ملاقات کی۔ وفد میں مطلوب اعوان، علامہ خضرالسلام اورمحمد آفتاب قادری شامل تھے اس موقع پرایم کیوایم کی کراچی تنظیمی کمیٹی کے انچارج حماد صدیقی، علماء کمیٹی کے انچارج جاوید احمد اور دیگر اراکین بھی موجود تھے۔سنی تحریک کے رہنما شکیل قادری نے فرقہ وارانہ ہم آہنگی کیلئے ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کے کرداراورکاوشوں کی تعریف کی اورفرقہ وارانہ ہم آہنگی کے فروغ کے لئے اپنے ہرممکن تعاون کا یقین دلایا۔انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ اورسنی تحریک کے درمیان فرقہ وارانہ ہم آہنگی کے قیام کیلئے باہمی رابطوں کا سلسلہ جاری ہے اور ہم مل کر سندھ اور کراچی میں امن کی فضاء خراب کرنے کی کسی کو اجازت نہیں دیں گے۔انہوں نے کہا کہ جوعناصر بھی فرقہ وارانہ فسادات کی سازش اور معصوم لوگوں کے قتل میں ملوث ہیں وہ انسانیت کے قاتل ہیں اور ایسے عناصر کا نہ تو کسی مسلک یا فرقے سے تعلق ہے اور نہ ہی وہ مسلمان کہلانے کے مستحق ہیں۔انہوں نے کہا کہ تمام سیاسی ومذہبی جماعتوں کو ان عناصر کا سوشل بائیکاٹ کرنا چاہئے۔اس موقع پر رابطہ کمیٹی کے ارکان نے سنی تحریک کے وفد خیالات کا خیرمقدم کیا۔انہوں نے تمام مکاتب فکر کے علماء کرام سے اپیل کی کہ وہ شہر میں فرقہ وارانہ فسادات کی سازش کو ناکام بنانے کیلئے اپنا کردار ادا کریں۔

## کراچی میں پانی اور بجلی کے بحران کا نوٹس لیا جائے، ارکان صوبائی اسمبلی

کراچی۔۔۔22، جون 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان صوبائی اسمبلی نے بجلی کی طویل دورانیئے کی غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ اور اس کے نتیجے میں مختلف علاقوں میں پانی کی شدید قلت کے باعث عوام میں پائے جانے والے اشتعال اور بے چینی پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ کے ای ایس سی تمام تر دعوؤں کے باوجود عوام کو لوڈ شیڈنگ سے نجات نہیں دلا پا رہی ہے، کے ای ایس سی کا بوسیدہ نظام، بجلی کی طویل دورانیئے کی لوڈ شیڈنگ، بقایا جات کے ہزاروں روپے کے بلوں کی فراہمی نے عوام اور کاروباری طبقے کو براہِ راست متاثر کر رکھا ہے جس سے شہر کی معاشی، صنعتی اور اقتصادی ترقی کو نقصان پہنچ رہا ہے۔انہوں نے کہا کہ بجلی کی لوڈ شیڈنگ کے باعث عوام پانی کے اوقات کار میں موٹریں چلا کر پانی بھرنے سے بھی محروم ہیں جس کے باعث عوام بجلی کے ساتھ ساتھ پانی کی سہولت سے بھی محروم ہیں اور یہ صورتحال عوام کو مشتعل کر رہی ہے۔حق پرست ارکان صوبائی اسمبلی نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی اور وزیر اعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ شہر میں بجلی اور پانی کے بحران کا سختی سے نوٹس لیا جائے اور عوام کو ان بحرانوں سے نجات دلانے کیلئے مستقل بنیاد پر ٹھوس حکمت عملی اپنائی جائے۔

## محنت طبقہ ہی ملک وقوم کی خوشحالی کا ضامن ہے، شیخ محمد افضل

## تعلقہ میونسپل ایڈمنسٹریشن میر پور خاص میں ریٹائرڈ ملازمین میں گریجویٹی چیکوں کی تقسیم کی تقریب سے خطاب

میر پور خاص۔۔۔22، جون 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست صوبائی وزیر شیخ محمد افضل نے کہا ہے کہ ایم کیو ایم محنت کشوں کے جائز حقوق کا مکمل احترام کرتی ہے اور محنت کش طبقہ کو ہی ملک وقوم کی خوشحالی کا ضامن سمجھتی ہے۔یہ بات انہوں نے گزشتہ روز تعلقہ میونسپل ایڈمنسٹریشن میر پور خاص کی جانب سے منعقدہ ریٹائرڈ ملازمین میں 30 لاکھ روپے مالیت کی گریجویٹی چیک کی تقسیم کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔اس موقع پر ایم کیو ایم میر پور خاص زون کے زونل انچارج عظیم دانش، جوائنٹ زونل انچارج خالد مجید اور بلدیہ کے حاضر اور ریٹائرڈ ملازمین کی بھی بڑی تعداد موجود تھی۔شیخ محمد افضل نے کہا کہ ریٹائرڈ ملازمین میں گریجویٹی چیک کی تقسیم سے ریٹائرڈ محنت کشوں کے دیرینہ مسائل حل ہوں گے اور اس سلسلے میں حق پرست قیادت نے جو کاوشیں انجام دیں ہیں وہ محنت کشوں کی عظمت کے آگے کچھ نہیں ہیں۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین محنت کش طبقہ سمیت ملک بھر کے مظلوم طبقات کو حق حکمرانی دینا چاہتے ہیں اور اسی مشن، مقصد اور نظریئے کو لیکر ایم کیو ایم اپنا سفر کر رہی ہے اور انشاءاللہ گلگت بلتستان، آزاد کشمیر، پنجاب، بلوچستان اور سرحد میں ایم کیو ایم کی مقبولیت میں روز بروز اضافہ ہو رہا ہے جو خوش آئند ہے۔انہوں نے ریٹائرڈ ملازمین کو گریجویٹی چیک ملنے پر دلی مبارکباد بھی پیش کی۔اس موقع پر ریٹائرڈ ملازمین نے حق پرست قیادت سے دلی تشکر کا اظہار کیا اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر اور صحت وتندرستی کیلئے خصوصی دعائیں بھی کی۔

## ایم کیو ایم نے بینظیر بھٹو شہید کے مزار پر چادر چڑھائی

لاڑکانہ۔۔۔22، جون 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی ہدایت پر ایم کیو ایم کے ذمہ داران پر مشتمل وفد نے پیپلز پارٹی کی شہید چیئر پرسن محترمہ بےنظیر بھٹو کی سالگرہ کے موقع پر ان کے مزار پر حاضری دی، فاتحہ خوانی کی اور جناب الطاف حسین کی جانب سے پھولوں کی چادر چڑھائی۔وفد میں ایم کیو ایم لاڑکانہ زون کے انچارج عبداللہ بلیدی و زونل کمیٹی کے اراکین رفیق احمد گلال، عبدالواحد، اختیار احمد ابڑو اور نعیم ابڑو کے علاوہ نوڈیرو اور رتوڈیرو یونٹ کمیٹیوں کے ذمہ داران وکارکنان بھی شامل تھے۔ایم کیو ایم کے وفد نے پیپلز پارٹی کے بانی ذوالفقار علی بھٹو، میر مرتضیٰ بھٹو اور شاہنواز بھٹو کے مزارات پر بھی حاضری دی اور فاتحہ خوانی کی۔

## ایم کیوایم سکھر زون یونٹ B-8 کے جوائنٹ انچارج ناصر علی کے انتقال پر الطاف حسین اور رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔22جون،2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم سکھر زون یونٹ B-8 کے جوائنٹ انچارج ناصر علی کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔جناب الطاف حسین نے سوگوار لواحقین کو صبر کی تلقین کی اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا فرمائے۔(آمین) علاوہ ازیں متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے بھی ایم کیوایم سکھر زون B-8 کے جوائنٹ انچارج ناصر علی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوارِ رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا فرمائے۔(آمین)

## ایم کیوایم کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔22،جون2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم شعبہ اطلاعات کیم ونگ کے رکن شہاب الدین کے والد عزیز الدین احمد،ایم کیوایم لائینز ایریا سیکٹر یونٹ 53 کے کارکن محمد شفیق خان کے والد محمد رفیق خان،ایم کیوایم اورنگی ٹاؤن سیکٹر یونٹ 120 کے کارکن غلام احمد کے بھائی شیخ فرید اور ایم کیوایم ٹھٹھہ زون یونٹ گھارو کے کارکن فہیم قریشی کی والدہ محترمہ صابراں بیگم کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

☆☆☆☆☆